(2)

# The Gujranwala Chamber of Commerce & Industry

# گوجرانوالہ ایوانِ صنعت وتجارت

Since 1978

Chamber Plaza, Aiwan-e-Tijarat Road, Gujranwala-Pakistan.

کی حاضری .

| | | |
|---|---|---|
| 1- | جناب ضیاء الحق | میسرز عمر فینسی اینڈ بوتیک شاپ نمبر 10 جناح بازار گوجرانوالہ |
| 2- | جناب حمیس گلزار | میسرز جی ایچ ایم پرائیویٹ لمیٹڈ طیبہ روڈ باجوہ روڈ گوجرانوالہ |
| 3- | جناب عادل ندیم | میسرز فجر ٹریڈنگ بلمقابل ڈاکٹر نواز گھمن گل روڈ گوجرانوالہ |
| 4- | جناب آفاق ایوب | میسرز سروس یونٹ (ایچ۔ایم عبداللہ اینڈ سنز) حافظ آباد روڈ گوجرانوالہ |
| 5- | جناب وقاص افضل | میسرز زیڈ اینڈ زیڈ سپورٹس ویئر نیر یو۔بی۔ایل شاہین آباد جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| 6- | جناب شاہد الرحمان | میسرز سپر فائن انڈسٹری اسلامیہ کالج روڈ نزد درزیاں والی کوٹھی محلہ اقبال گنج گلی نمبر 7 مکان نمبر 3002 گوجرانوالہ |
| 7- | جناب محمد عمران | میسرز فرحان سلک فیکٹری رتہ روڈ فرید ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 8- | جناب ارسلان یوسف | میسرز سپر ماسٹر سرامکس ٹرالیاں والہ گلہ عقب ایوب بیرنگ انڈسٹری اٹاوہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| 9- | جناب علی نواز خان | میسرز خان سلک فیکٹری نزد ٹالی قبرستان فرید ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 10- | جناب احسن محمود | میسرز عظمت پولیمرز B-16 سمال انڈسٹری اسٹیٹ نمبر 1 گوجرانوالہ |
| 11- | جناب نعیم آصف | میسرز نعیم آصف الیکٹریکل انڈسٹری شاپ نمبر 130 بزار خراداں والا گوجرانوالہ |
| 12- | جناب محمد افضل | میسرز ملک افضل میٹل سکریپ مین شیخوپورہ روڈ بلمقابل بینک نزد باجوہ روڈ گوجرانوالہ |
| 13- | جناب محمد ارشد | میسرز سلور سٹار میٹل کچن ویئر انڈسٹری مین شیخوپورہ گلزار کالونی عقب کھیالی پیپر بورڈ گوجرانوالہ |
| 14- | جناب عمیر پرویز | میسرز نیو ایشیاء وولن ملز 176اے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ نمبر 1 گوجرانوالہ |
| 15- | جناب خالد تنویر | میسرز امان فلور ملز ڈھکی سندر سنگھ نزد اعوان چوک گوجرانوالہ |
| 16- | جناب شیخ محمد نعیم | میسرز ملٹی سٹیل انٹر پرائزز پرائیویٹ لمیٹڈ B-3/247 نزد دھوبی گاٹھ گراؤنڈ سیٹلائیٹ ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 17- | جناب اختر علی خان | میسرز قومی ٹریول پرائیویٹ لمیٹڈ 48 جناح سٹیڈیم سول لائنز گوجرانوالہ |
| 18- | جناب محمد مردان | میسرز عبدالحمید سٹیل غازی روڈ ایمن آباد گوجرانوالہ |
| 19- | جناب عرفات اکرام | میسرز جلال ٹیکسٹائل انڈسٹری نزد مورا ایمن آباد عقب اکرام رائس ملز جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| 20- | جناب ظفر اقبال ڈار | میسرز یو ایس سٹیل سنٹر نزد امرتسر انجینئرنگ کوگوندانوالہ روڈ گوجرانوالہ |
| 21- | جناب قمر سہیل | میسرز انصاری ٹریڈرز نیلم کلاتھ مارکیٹ گلی قصاباں گوجرانوالہ |
| 22- | جناب جواد احمد بٹ | میسرز شجاع سٹین لیس سٹیل انڈسٹری گلہ گوگا پہلوان نوشہرہ روڈ گوجرانوالہ |
| 23- | جناب محمد اسلم | میسرز اسلم اینڈ برادرز 82بی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 24- | جناب فرحان سعید بھٹی | میسرز فرحان ٹریڈرز نزد بکر منڈی گلہ وقاص میٹل ورکس گوجرانوالہ |
| 25- | محترمہ اثناء صادق | میسرز ضرار انٹر پرائز A-79 سیٹلائٹ ٹاؤن گوجرانوالہ |

محمد برہان

سیکریٹری جنرل

مجلس عاملہ کا اجلاس صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس جناب ضیاء الحق کی زیر صدارت مورخہ 23 جنوری 2023ء کو چیمبر آف کامرس میں منعقد ہوا جس میں درج ذیل ایجنڈے پر کاروائی کی گئی۔

1- تلاوت قرآن پاک۔

اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کی سعادت فرحان سعید بھٹی نے حاصل کی۔

2- درود پاک کی خاموش تلاوت۔

تلاوت کلام پاک کے بعد تمام حاضرین نے دورد پاک کی خاموش تلاوت کی۔

3- درخواست برائے معذرت۔

صدر جناب ضیاء الحق نے درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا پیش کرتے ہوئے پوچھا کہ کسی کی درخواست برائے معذرت موصول ہوئی ہے۔ سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ ساجد لطیف بٹ، درخشاں عمران، عطاء فرید، محمد شعیب بٹ، کی درخواست برائے معذرت موصول ہوئی ہیں۔ اس کے بعد ہاؤس نے متفقہ طور درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا منظور کر لیا۔

4- گزشتہ مجلس عاملہ کے اجلاس کی کاروائی (مورخہ 23 جنوری 2023ء) کی منظوری

صدر جناب ضیاء الحق نے گزشتہ اجلاس کی کاروائی کا ایجنڈا ہاؤس میں پیش کیا۔ جناب آفاق ایوب نے کہا گزشتہ مجلس عاملہ کا اجلاس کا ایجنڈا مکمل نہیں ہوا تھا درخواست برائے معذرت سے آگے میٹنگ نہیں چل پائی اور کوئی بھی پوائنٹ ڈسکس نہیں ہو تھا اسی لئے آج کی میٹنگ اسی پوائنٹ سے شروع کی جائے جس پوائنٹ سے میٹنگ منقطع ہوئی تھی۔ اس لئے گزشتہ میٹنگ کو پہلے مکمل کیا جائے۔ صدر جناب ضیاء الحق نے کہا کہ آپ کہہ سکتے ہیں لیکن ہماری طرف سے میٹنگ مکمل ہو چکی تھی۔

جناب وقاص افضل نے کہا کہ گزشتہ میٹنگ میں تلاوت کلام پاک کے بعد کاروائی کو آگے نہیں بڑھایا گیا۔ میرے خیال کے مطابق میں اسی پوائنٹ کو آگے بڑھانا چاہتا ہوں کہ ہم میٹنگ کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کرتے ہیں اور چیمبر کی روایت کے مطابق دورد ابراہمی بھی پڑھتے ہیں اس کے بعد ہم اللہ کی نہیں مانتے میرا مشورہ ہے کہ دونوں پوائنٹس کو حذف کر دیے جائیں کیونکہ ہم تلاوت بھی کرتے ہیں دورد ابراہیمی بھی پڑھتے ہیں اور ہم اپنی قبروں کو بھاری بھی کرتے ہیں۔ اس دن اکاؤنٹ بھی ڈسکس نہیں ہوئے وہ ایڈجرنڈ میٹنگ تھی قانون کے مطابق وہ میٹنگ اگلے ہفتہ اسی دن منعقد ہونی چاہیئے تھی۔ صدر جناب ضیاء الحق نے بتایا کہ جناب ہم نے کیوں اپنی قبریں بھاری کرنی ہیں میٹنگ مکمل ہو چکی تھی کوئی بھی ایجنڈا پوائنٹ التوا کا شکار نہیں ہوا۔ ہاؤس نے اکثریت رائے سے گزشتہ اجلاس مورخہ 23 جنوری 2023ء کی منظوری دے دی۔

5- آمدن واخراجات کی منظوری برائے ماہ نومبر، دسمبر 2022ء (لف ہے)

صدر جناب ضیاء الحق نے آمدن واخراجات کی منظوری برائے ماہ نومبر، دسمبر، جنوری 2023ء کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ جناب آفاق ایوب نے کہا کہ واجب الاوصول ہیڈ میں لائف لائن کے پیسے لکھے گئے ہیں جبکہ یہ رقم کلیئر کر دی گئی ہے۔ صدر جناب ضیاء الحق نے سیکریٹری جنرل کو کہا کہ اس کی وضاحت کر دیں۔ سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ یہ رقم ابھی کلیئر نہیں ہوئی ہے۔ خاور نثار جوائنٹ سیکریٹری اکاؤنٹس نے بتایا کہ آپ کو اس کی تفصیل بذریعہ وٹس ایپ بھیج دی گئی تھی اس رقم میں لائف لائن کی پیمنٹ نہیں تھی۔ جناب آفاق ایوب نے کہا کہ آپ دوبارہ بھجوا دیں۔ صدر جناب ضیاء الحق نے کہا کہ میٹنگ

کے فوراًبعد آفاق صاحب کو لائف لائن کی بابت اکاؤنٹ دکھادیں۔ ہاؤس نے متفقہ طور پر آمدن واخرجات کی منظوری دے دی ۔

6- رکنیت کیلئے موصولہ درخواستوں کی منظوری

صدر جناب ضیاء الحق نے رکنیت کیلئے ایسوسی ایٹ اور کارپوریٹ کلاسز کی موصول ہونے والی نئی ممبرشپ کی درخواستیں منظوری کیلئے ایوان میں پیش کیں ہاؤس نے متفقہ طور پر ممبرشپ کیلئے موصول ہونے والی درخواستوں کو منظور کرلیا۔

7- موجودہ جاری ملکی معاشی صورتحال اور لائحہ عمل اختیار کرنے کیلئے غور وخوض

صدر جناب ضیاء الحق نے موجودہ جاری ملکی معاشی صورتحال اور لائحہ عمل اختیار کرنے کیلئے غور وخوض کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ جناب آفاق ایوب نے کہا کہ ہم درآمدات پر انحصار کرتے ہیں لیکن اس وقت صورتحال یہ ہے حکومت کوئی بھی کنسائنمنٹ کلیئر کرنے کو تیار نہیں ہے ہمارے آڈرز التواء کا شکار ہورہے ہیں چیمبر کا اس بارے کیا لائحہ عمل ہے۔ صدر جناب ضیاء الحق نے بتایا کہ اس سلسلہ میں ہم تقریباً ہر فورم پر بات کررہے ہیں ابھی کل میری پرائم منسٹر صاحب سے میٹنگ تھی اب یہ معاملہ ایسا ہے کہ اس پر کیا بحث کی جائے آپ میٹنگ کے بعد میرے آفس آجائیں میں آپ کو تفصیل سے آگاہ کردوں گا۔ جناب وقاص افضل نے کہا کہ صدر صاحب آپ کو اس ہاؤس میں ڈسکس کرنا چاہیئے ۔ جناب احسن محمود نے کہا کہ اس سلسلہ میں ہم کافی کام کررہے ہیں صدر صاحب نے مختلف فورمز پر اس معاملے کو اٹھایا ہے جب سے یہ معاملہ شروع ہوا ہے چیمبر رجیم مسلسل کسی نہ کسی فورم پر رابطے میں ہے لیکن صورتحال یہ ہے کہ کوئی بھی عہدیدار معاملے کے متعلق مکمل معلومات نہیں رکھتا یا بتانا نہیں چاہتا جس وجہ سے یہ معاملات التواء کا شکار ہیں۔ جناب قمر دلبر نے پوچھا کہ سٹیٹ بینک نے بھی ڈیٹا منگوایا ہے تو کیا چیمبر بھی ڈیٹا ان کو دے رہا ہے۔ سینئر نائب صدر جناب حمیس گلزار نے بتایا کہ ہم نے ایک فارم ترتیب دیا ہے اور تمام ممبران نے شائع کردیا ہے کہ ہمیں امپورٹ سے متعلقہ ڈیٹا چیمبر کو مہیا کریں تاکہ ہم سٹیٹ بینک کو مہیا کرسکیں۔ ابھی اسٹیٹ بینک کا کوئی نوٹیفکیشن بھی آگیا ہے۔ جس کے مطابق DA180 دنوں کی بنیاد پر پیمنٹ منظور کرتے ہیں جو پیمنٹ 18 جنوری سے پہلے آچکی ہیں۔ جناب قمر دلبر نے مزید پوچھا کہ کیا LC اکاؤنٹ پر بھی ہے۔ سینئر نائب صدر جناب حمیس گلزار مغل نے بتایا کہ یہ صرف DA ڈاکومنٹ کی بنیاد پر ہے۔

جناب فرحان سعید بھٹی نے کہا کہ ہمارے دو ممبران نے آپ سے سوال کیا تھا کہ ایجنڈا مکمل نہیں ہوا لیکن اس کے متعلق آپ نے کوئی وضاحت نہیں دی۔ ہم یہاں چھلیاں بیچنے نہیں آئے ہیں۔ صدر جناب ضیاء الحق نے کہا کہ جناب فرحان صاحب آپ ایگزیکٹیو کی میٹنگ بیٹھے ہیں یہ چھلیوں والی بات نہ کریں جہاں تک میٹنگ کا تعلق ہے میٹنگ مکمل ہوچکی تھی تمام ایجنڈا پوائنٹس کو کثرت رائے سے منظور کرلیا گیا تھا۔ نائب صدر جناب عادل ندیم نے کہا کہ ایجنڈا مکمل ہوا تھا فرحان صاحب آپ ساری باتیں سمجھتے ہیں۔ جناب وقاص افضل نے کہا کہ ہاؤس اٹھ کر چلا گیا تھا۔ نائب صدر جناب عادل ندیم نے کہا کہ ہاؤس پورا ایجنڈا منظور کرکے اٹھا تھا۔ جناب احسن محمود نے کہا کہ اعتراض برائے اعتراض نہ کیا جائے۔ ہاؤس نے اکثریت رائے سے ایجنڈا پوائنٹ کو منظور کرلیا۔

8- دیگر امور

صدر جناب ضیاء الحق نے دیگر امور کا یجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ جناب ظفر ڈار نے کہا کہ آپ نے خواجہ عمر فاروق کو ڈی سیٹ کیا ہے تیسری میٹنگ میں نہ آنے پر پہلی دو میٹنگ میں ہم تمام ممبر آئے تھے درخواست لکھ کر تمام دوستوں نے دستخط کرکے سیکریٹری جنرل کو جمع کروائے تھے۔ ان دونوں درخواستوں کا بھی میٹنگ میں کوئی ذکر نہیں تھا برسراقتدار گروپ کے ایک ذمہ دار شخص سے ذکر ہوا انہوں نے کہا کہ آپ درخواست راہ چلتے ہوئے پکڑا جائیں

گے تو اس پر کیسے عملدرآمد ہوگا۔ چیمبر کا سیکریٹری جنرل ایک ذمہ دار شخص تھا ہم نے اس کو درخواست جمع کروائی اور وصولی بھی لی لیکن ہماری درخواستوں کا کوئی ذکر نہ ہوا افسوس کے ساتھ کہنا چاہوں گا کہ ہمارے ایک ساتھی کی سیٹ کو ختم کر دیا گیا اس سے کیا فائدہ ہوگا۔ آپ کی اکثریت ہے آپ پھر بھی منظور کر سکتے ہیں یہ عمل مناسب نہیں ہے آپ کی طرف سے بھی ایسے ممبران ہیں جو تین میٹنگز حاصر نہیں ہوئے ہم قرارداد پیش کرتے ہیں اثناء صادق بھی میٹنگز میں نہیں آئیں تھیں انہیں بھی ڈی سیٹ کیا جائے۔ صدر جناب ضیاء الحق نے بتایا کہ ظفر اقبال ڈار صاحب آپ کی درخواسہت آ گئی ہے ہم اس پر قانون کے مطابق عمل درآمد کریں گے۔ جناب وقاص افضل نے کہا فرحان سعید بھٹی صاحب کی بات پر اگر کسی کی دل آزاری ہوئی ہے میں معذرت چاہتا ہوں ہمارا مقصد ہے کہ ہم مل کر کام کریں اگر ہمیں کارنر کیا جائے گا تو ہم اپنے ردعمل کا اظہار بھی کریں گے لہٰذا جو قرارداد پیش کی گئی ہے اس عملدرآمد کیا جائے۔ صدر جناب ضیاء الحق نے کہا کہ وقاص صاحب ہم قانون کے مطابق کام کریں گے۔

اس کے بعد کوئی امور زیر بحث نہ تھے۔ صدر چیمبر نے میٹنگ کے اختتام کا اعلان کر دیا۔ لہٰذا اجلاس صدر صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے دعائے خیر کے بعد اختتام پذیر ہوا

محمد برہان

سیکریٹری جنرل